© rasailojaraid.com



روشنی میں ایسے مسائل پر بحث و تحقیق کے لیے اسلامی علوم میں مہارت کے علاوہ عصری علوم پر گہری نظر کی بھی ضرورت تھی تاکہ قدیم جدید اصطلاحات کی روشنی میں ٹھوس اقدامات سامنے آسکیں۔

بحمداللہ برادرم پروفیسر مولانا اظہار الحق نے ان اوصاف سے موصوف ہوتے ہوئے معاشرہ کی اس بنیادی برائی کے خلاف قلم اٹھا کر وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا ہے اور قوم و ملک کی زبردست خدمت انجام دی ہے۔

زیر نظر کتاب میں ان جرائم کی نشاندہی کی گئی ہے جو نہ صرف انسانیت کے منافی ہیں بلکہ اس قسم کے جرائم سے شرف انسانیت کا دامن تار تار ہو جاتا ہے۔

فاضل مصنف نے انتہائی عرق ریزی، دیدہ وری اور محنت سے یہ مقالہ تیار کیا ہے جس کے لیے انہوں نے ہزارہا صفحات کھنگال کئے اور درجنوں کتب کی ورق گردانی کی لیکن کمال ہوشیاری سے موضوع سے غیر متعلق ابحاث سے گریز کیا ہے۔ بندہ کی نظر میں یہ اردو کی پہلی شاہکار کتاب ہے جس میں یکمشت تلبیسی جرائم کے بارے میں جدید اصول تحقیق کو مدنظر رکھتے ہوئے اتنا کثیر اور وافر مواد جمع کیا گیا ہے اور یوں اس لحاظ سے آپ کا یہ مؤقر مقالہ ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔

فاضل مؤلف دارالعلوم حقانیہ کے روحانی فرزند ہیں اور آپ کے والد محترم جناب مولانا فضل الٰہی صاحب المعروف بہ شاہ منصور صاحب حق صاحب یہاں مادر علمی دارالعلوم حقانیہ میں اعلیٰ کتب کی تدریس فرما رہے ہیں اس لیے مجھے ذاتی طور پر آپ کی اس علمی کاوش پہ انتہائی خوشی محسوس ہو رہی ہے گو کہ ایک لحاظ سے زیر نظر کتاب آپ کی اولین تصنیف ہے لیکن خداداد صلاحیت کی وجہ سے ایک کہنہ مشق ادیب اور صاحب طرز انشاء پرداز کی تصنیف معلوم ہو رہی ہے۔

مسائل حاضرہ پر حاوی نظر، طرز ادا نہایت شگفتہ رائے اور تبصرہ نہایت صائب، تنقید نہایت مہذب، اسلامی معلومات بہت کافی، بیان بصیرت افروز غرضیکہ یہ کہ کتاب کے جس موضوع کو بھی دیکھا نہایت ہی مشبع پایا۔

کتاب خود بھی معلومات اور نکھرے ہوئے افکار سے لبریز ہے اور دوسروں کے لیے بھی انشراح کا ذریعہ بنتی ہے۔

فاضل مصنف کے قلم کی بہار و شباب اگر اس طرح قائم رہی تو بہت جلد محققین مصنفین میں آپ کا نام شمار ہوگا۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اس جواں سال فاضل کی اس کاوش کو ملک و قوم کے لیے نافع بنا دے اور تلبیس و تزویر جیسی برائی میں مبتلا لوگوں کو اس کے مطالعہ سے ہدایت و رہبری نصیب ہو۔ آمین۔ وما ذالک علی اللہ بعزیز۔

(سمیع الحق)

**رسائل الرشید**
تالیف: حضرت مولانا مفتی رشید احمد لدھیانوی صفحات ۲۰۳، قیمت۔ درج نہیں۔
ناشر: المکتبۃ العلمیہ، متصل جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶

حضرت مولانا مفتی رشید احمد لدھیانوی مدظلہ علمی و دینی اور روحانی حلقوں میں ایک جید عالم دین، محقق



© rasailojaraid.com